SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
November 22, 2023

کے پے میں سرکاری ملازمین کے لیے جدید پنشن اسکیم کامیابی کے ساتھ متعارف

پشاور ، نومبر 22 : خیبر پختونخواہ حکومت نے ، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے تعاون سے، صوبے کے سرکاری ملازمین کے نئی رضاکارانہ پنشن اسکیم (VPS) کامیابی کے ساتھ متعارف کروا دی ہے۔ صوبے کے وہ تمام ملازمین جنہوں نے 7 جون 2022 یا اس کے بعد سے سرکاری ملازمت میں شمولیت اختیار کی ہے، انہیں روائیتی پنشن کی بجائے اب رجاکارانہ پنشن اسکیم دی جائے گی۔ امید ہے کہ کے پی کے تقریباً 33000 سرکاری ملازمین نئے پنشن سسٹم میں شامل ہوں گے۔

صوبے کے پنشن سسٹم میں اس جامع اصلاحات کے کامیاب نفاذ کے حوالے سے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے پشاور میں کے پی کے پنشن ریفارمز کے موضوع پر کانفرنس منعقد کی۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے کہا پنشن کے نئے نظام کا اجراء مالیاتی وسائل کے موثر انتظام کی جانب ایک اہم قدم ہے چونکہ حکومتوں پر روائیتی پنشن بل کا بوجھ بہت بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تمام محکموں کے ملازمین کی ریٹائرمنٹ کے فوائد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے رضاکارانہ پنشن اسکیم کے فریم ورک کے دائرہ کار کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ عاکف نے اس انتہائی ضروری اصلاہات میں سب سے پہلے کامیابی حاصل کرنے پر کے پی حکومت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام حکومت کے روایتی پنشن نظام کا ایک قابل عمل متبادل ثابت ہو گا بلکہ ملازمین کو اس کو ریٹآرمنٹ کے فوائد زیادہ بہتر طور پر فراہم ہوں گے اور ساتھ ہی ساتھ حکومتی اخراجات کو بھی کم کرے گا۔

کے پی کے کے سیکرٹری خزانہ ، جناب عامر سلطان ترین نے صوبے میں پنشن اصلاحات کے کامیاب نفاذ میں ایس ای سی پی کے کردار کی تعریف کی۔ ترین نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران صوبے کے پنشن کے اخراجات، صوبے کے مجموعی بجٹ کے ایک فصد سے بڑھ کر 12 فیصد ہو گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مالی سال 2003-04 میں صوبائی پنشن اخراجات کا بل 878 ملین روپے تھا جو کہ اب مالی سال 2023-24 میں 132 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کے مالی استحکام کے لیے پنشن فنڈڈ کا پیشہ ورانہ طور پر منظم کنٹریبیوٹری پنشن فریم ورک کا آغاز وقت کہ اہم ضرورت ہے۔

ایس ای سی پی کے کمشنرمجتبیٰ احمد لودھی نے پنشن فنڈ مینیجرز اور ٹرسٹیز کو مستقبل کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے جدید بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ میوچل فنڈز ایسوسی ائیشن کی چیف ایگزیکٹو، معصومہ زیڈ مجید نے سرمایہ کاروں کی شمولیت سے لے کر ریٹائرمنٹ تک کے سفر اور ریٹائرمنٹ کے بعد کے فوائد کی وضاحت کی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005